Jubilee
LIFE INSURANCE



# EXCEL SAVER

# ایکسل سیور

ہمیں ہر روز اپنے مالی امور نبھانے میں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن میں مہنگائی، ٹیکس، قرض، سود کی شرح میں ردّ و بدل اور اسٹاک مارکیٹ کی غیر یقینی صورتحال شامل ہیں مگران سب سے بڑھ کر آپ کو ان پیسوں کی حفاظت کی فکر ہوتی ہے جن کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔

**Jubilee Life** پیش کرتا ہے ایکسل سیور۔ اس یقین دہانی کے ساتھ کہ وہ رقم آپ کو واپس مل جائے گی جسکی آپ نے سرمایہ کاری کی ہے۔ یہ ایک ایسا سرمایہ کاری کا منصوبہ ہے جو آپ کو آپ کے خوابوں کی تعبیر فراہم کرتا ہے تا کہ آپ کو مکمل دلی اطمینان اور ذہنی سکون حاصل ہو۔

## ایکسل سیور کیا ہے؟

ایکسل سیور ایک Unit-linked اینڈاؤمنٹ پلان ہے جو خاص طور پر آپ کے فنڈ کو تیز رفتاری کے ساتھ ایک جگہ جمع کرنے کی غرض سے تشکیل دیا گیا ہے تا کہ آپ کی موت کی صورت میں آپ کی طرف سے کی گئی سرمایہ کاری کی 100% رقم آپ کے پیاروں کے حوالے کر دی جائے۔

## ایکسل سیور ہی کیوں؟

- ✓ اپنے مالی فرائض کی منصوبہ بندی اپنی مرضی سے کریں
- ✓ سرمایہ کاری کیلئے اپنی مرضی کے فنڈ کا انتخاب کریں
- ✓ **Jubilee Life** کی سرمایہ کاری کی بہترین حکمت عملی کے ذریعے اپنے فنڈ کو بڑھائیں
- ✓ سرمایہ کاری کو Ad-hoc Premium کے ذریعے مزید بڑھائیں
- ✓ اپنی مالی ضروریات کے مطابق سرمایہ کاری میں جب چاہیں اضافہ کریں
- ✓ مہنگائی کا مقابلہ کریں
- ✓ پلان کو جاری رکھنے پر اضافی Units حاصل کریں

## پریمیئم کی واپسی

ایکسل سیور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ موت کی صورت میں کم از کم بنیادی پلان کی مد میں ادا کیے گئے پریمیئم کی رقم کو پورے کا پورا واپس کر دیا جائے۔

خدانخواستہ اگر آپ کا انتقال پلان کی مقررہ مدت کے دوران ہو جاتا ہے تو آپ کے لواحقین کو مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہونگے:

بیمہ کرائی گئی رقم

مع

ادا کیا گیا کل پریمیئم یا کیش ویلیو (Cash Value) (جو بھی زیادہ ہو)

مزید تفصیلات کیلئے دیگر معلومات والے حصے میں "Sum Assured" ملاحظہ کریں۔

## پلان سے منسلک فائدہ

ایکسل سیور کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ آپ کو اور آپ کے خاندان کو مشکل حالات سے نمٹنے میں مدد کرتا ہے:

- **حادثاتی موت پر بیمہ کی رقم**

  اگر موت کسی حادثے کے نتیجے میں ہوئی ہے تو اس فائدے کے تحت بیمہ کی رقم کے علاوہ اضافی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

## اختیاری فائدہ

- **جوبلی میڈی پیل**

  جوبلی لائف کی جانب سے پیش کردہ یہ نیا اختیاری رائڈر بیمہ کنندہ یا شریکِ حیات کو کسی بھی حادثے یا بیماری کی باعث اسپتال کے نجی وارڈ میں علاج کی غرض سے 250,000 روپے تک کی فوری کوریج فراہم کرتا ہے۔ بیمہ کنندہ اس رائڈر کی بدولت کسی بھی منظور شدہ ہسپتال میں بلا معاوضہ اعلیٰ معیار کی طبّی سہولت سے مستفید ہوسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے میڈی پیل کا اضافی کتابچہ ملاحظہ فرمائیں۔

## اثاثوں کی انتظام کاری

آپ کا ادا شدہ پریمیئم آپ کی مرضی کے فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے لگایا جاتا ہے اور یونٹس کو فنڈ کی قیمت کے لحاظ سے مختص کردیا جاتا ہے۔ آپ کی پالیسی کی قیمت یونٹس کی کل قیمت کے برابر ہوتی ہے جو کہ آپ فنڈ میں رکھتے ہیں۔

فنڈز کی انتظام کاری ماہر انویسٹمنٹ مینیجرز کرتے ہیں جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کے فنڈ کی گروتھ میں کم سے کم رِسک کے ساتھ اضافہ ہو۔

## سرمایہ کاری کے آپشنز

**Jubilee Life** کی جانب سے فی الوقت مندرجہ ذیل چار فنڈز پیش کیے جارہے ہیں۔ آپ اپنی ضرورت کے لحاظ سے اپنی سرمایہ کاری کسی ایک فنڈ یا ان چاروں فنڈز میں تقسیم کرسکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| مینیجڈ فنڈ | ایک متوازن انکم فنڈ |
| میثاق فنڈ | ایک سود سے پاک فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ | سرمائے میں کمی کے کم سے کم خدشات کے ساتھ لگاتار منافع کیلئے ترتیب دیا گیا فنڈ |
| کیپٹل گروتھ فنڈ | پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ |

# آپ کی سرمایہ کاری کیلئے لچکدار انتظام کاری

ہم آپ کی سرمایہ کاری کیلئے لچکدار انتظام کاری کی سہولت بھی پیش کرتے ہیں۔ آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ کیلئے مخصوص کرسکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کو مختلف حصوں میں تقسیم کرکے دستیاب فنڈز میں الگ الگ مختص کرسکتے ہیں۔ نتیجتاً فنڈز کی کارکردگی پر انحصار کرتے ہوئے آپ مختلف فنڈز میں منتقل ہوسکتے ہیں۔ ہم ہر پالیسی سال کے دوران 4 مفت منتقلی کی اجازت دیتے ہیں۔



پانچویں منتقلی پر چارجز لاگو ہونگے جو کیش ویلیو (Cash Value) / یونٹ اکاؤنٹ سے منتقلی سے پہلے ہی کاٹ لیے جائینگے۔

## سرمایہ کاری میں اضافہ

آپ کے پاس فاضل رقوم کسی بھی مرحلے پر دستیاب ہوسکتی ہیں۔ آپ اپنی باضابطہ سرمایہ کاری میں اس پلان کے تحت ایڈہاک پریمیئم کی ادائیگیوں کے ذریعے اضافہ کرسکتے ہیں۔ یہ رقوم اس وقت جاری قیمت پر یونٹ اکاؤنٹ میں لگائی جائیں گی۔

## مہنگائی سے مقابلہ

افراطِ زر کے پیشِ نظر آپ کے بیمہ کی رقم اور پریمیئم آپ کی سرمایہ کاری کی رقم کے ساتھ ہر سال از خود بڑھتی رہے گی جو کسی میڈیکل تفتیش کے بغیر ہی کمپنی کی جانب سے مختص کی گئی حدود کے اندر بڑھے گی۔ تاہم آپ کے پاس یہ اختیار موجود ہے کہ آپ اس اضافے کو تسلیم نہ کریں اور اپنے پلان کو انہی شرائط وضوابط پر قائم رکھیں جیسے وہ پہلے تھا یا اپنی ضروریات کے مطابق کمتر اضافے کا انتخاب کریں۔

## کنٹینیوٹی بونس

اگر اپنے پلان کو 6 سال سے زائد عرصے تک جاری رکھتے ہیں (بغیر کسی وقفے کے) تو اس صورت میں آپ 'کنٹینیوٹی بونس' کے حقدار ہو جائیں گے۔ یہ اضافہ ایکسٹرا یونٹس کی صورت میں ہر سال آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں جمع ہو جائے گا۔ کنٹینیوٹی بونس کے ذریعے آپ کی سرمایہ کاری کی گروتھ میں زیادہ تیزی سے اضافہ ہوگا۔

## پلان کی تکمیل سے پہلے پیسوں کی ادائیگی

مستقبل غیر متوقع ہے اور آپ یہ کبھی نہیں جان سکتے کہ کب آپ کے حالات کوئی نئی کروٹ لیں اور آپ کو اپنے پلان کی تکمیل کی متوقع مدّت سے پہلے ہی پیسوں کی ضرورت پڑ جائے۔

- آپ دو سال کے بعد کسی بھی وقت اپنے پلان کو اس کی مدّت مکمل ہونے سے پہلے یونٹس کی مکمل بِڈ ویلیو پر (بغیر کسی جرمانے کے) کیش کروا سکتے ہیں۔
- دوسری صورت میں آپ دو سال کے پورے پریمیئم کی ادائیگی کے بعد جزوی طور پر بھی رقم نکلوا سکتے ہیں۔ اس صورت میں کم از کم -/15,000 روپے آپ کے پلان میں بطور کیش ویلیو (Cash Value) باقی رہنا ضروری ہے۔

## فوائد کی وضاحت

| فرض کریں: | |
|---|---|
| پلان کے آغاز پر عمر | 35 سال |
| منتخب میعاد | 25 سال |
| سالانہ بنیادی پلان پریمیئم | -/100,000 روپے |
| بیمہ کردہ کل رقم | -/100,000 روپے |

## مستقبل کی متوقع کیش ویلیوز (Cash Values)

| سالانہ سرمایہ کاری کی واپسی | 7% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | | 9% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | | 11% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پالیسی سال | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو |
| 10 | Rs. 1,575,000 | Rs. 1,420,000 | Rs. 1,717,000 | Rs. 1,562,000 | Rs. 1,875,000 | Rs. 1,720,000 |
| 15 | Rs. 3,070,000 | Rs. 2,872,000 | Rs. 3,516,000 | Rs. 3,318,000 | Rs. 4,044,000 | Rs. 3,846,000 |
| 20 | Rs. 5,313,000 | Rs. 5,060,000 | Rs. 6,400,000 | Rs. 6,147,000 | Rs. 7,771,000 | Rs. 7,518,000 |
| 25 | Rs. 8,581,000 | Rs. 8,258,000 | Rs. 10,890,000 | Rs. 10,567,000 | Rs. 14,002,000 | Rs. 13,679,000 |

## اہم ترین:

- ڈیتھ بینیفٹ بیمہ شدہ کل رقم مع یونٹس کی بڈ ویلیو یا پریمیئم کی واپسی کو کہتے ہیں (اس پریمیئم میں ایڈہاک پریمیئم شامل نہیں ہوتا اور اگر کوئی پہلے جزوی سرینڈر کیا گیا ہے تو وہ کم ہو جاتا ہے)۔
- پہلے دو سالوں میں کوئی سرینڈر ویلیو نہیں ہوتی۔ دو سال بعد یہ پالیسی کی کیش ویلیو (Cash Value) کے برابر ہوتی ہے۔
- انڈیکسیشن 5 فی صد سالانہ تصور کی گئی ہے۔
- مندرجہ بالا خاکے میں دی گئی ویلیوز فرضی بنیاد پر تیار کی گئی ہیں اور اصل ویلیوز اس سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہیں۔

# دیگر معلومات

## یہ پراڈکٹ کون خرید سکتا ہے؟

وہ افراد جنکی عمریں 18 سے 60 سال کے درمیان ہوں یہ پراڈکٹ خرید سکتے ہیں۔

## مدّت یا میعاد

اس پلان میں بچت کی مدّت 10 سے 52 سال ہے جو پلان کی تکمیل تک زیادہ سے زیادہ 70 سال تک ہو سکتی ہے۔

## پریمیئم اور ادائیگیاں

بنیادی پلان کے پریمیئم کی رقم -/20,000 روپے سالانہ ہے۔ پریمیئم کی ادائیگی بذریعہ کراس چیکس، ڈیمانڈ ڈرافٹس یا پے آرڈرز کی جاسکتی ہے۔ تمام نمایاں کریڈٹ کارڈز بھی قبول کیے جاتے ہیں۔

## بیمہ کردہ رقم (Sum Assured)

بیمہ کردہ رقم یکبارگی بنیادی پلان پریمیئم کے مساوی ہوگی۔

## یونٹس کی ایلوکیشن

سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا گیا بنیادی پلان پریمیئم کا تناسب درج ذیل ہوگا:

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن |
|---|---|
| 1 | 25% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 اور اس سے زیادہ | 100% |

## کنٹینیوٹی بونس

پالیسی کے پریمیئم کی مناسبت سے ایکسٹرا یونٹ ایلوکیشن کا تناسب درج ذیل ہوگا:

| پالیسی کا سال | ایکسٹرا ایلوکیشن |
|---|---|
| 6تا14 | 3% |
| 15 اور اس سے زیادہ | 5% |

## دیگر چارجز*

ابتدائی سالوں میں رعایتی ایلوکیشن کے علاوہ مندرجہ ذیل چارجز بھی پلان پر عائد کیے جائیں گے:

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5 فی صد |
| مینجمنٹ چارج | فنڈ ویلیو کا 1.5 فی صد سالانہ |
| ایڈمنسٹریٹیو فیس | 60 روپے ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج | پوری عمر کی بنیاد پر بیمہ کردہ رقم پر عائد ہوگی |

* کمپنی تمام چارجز پر ازسرِ نو غور کرسکتی ہے۔

## فری لُک عرصہ (Free-Look Period)

**Jubilee Life**، 14 دن کا فری لُک عرصہ فراہم کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو اپنی پالیسی منسوخ بھی کرسکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی تحریری درخواست پر پالیسی دستاویز کی وصولی کی تاریخ سے 14 دن کے اندر واپس کر دیا جائے گا۔ **Jubilee Life** طبّی معائنے پر اٹھنے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

یہ بروشر **ایکسل سیور** کا عمومی خاکہ فراہم کرتا ہے۔ پلان اور اضافی فوائد تفصیلی شرائط کے تحت بروئے کار لائے جاتے ہیں جو پالیسی قوانین اور شرائط میں درج ہیں۔

JUBILEELIFE.COM

Jubilee Life Insurance Company Limited
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

Phone: (021) 35205095
Fax: (021) 35610959
UAN: (021) 111-111-554 (JLI)
SMS: "JUBILEELIFE" to 8398
Email: info@jubileelife.com,
complaints@jubileelife.com
Website: www.jubileelife.com